# پیش لفظ

سیدنا حضرت امام حسن رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی شخصیت بڑی متنازعہ فیہ ہے، ایک طبقہ انہیں معصوم عن الخطا قرار دیتا ہے، دوسرے طبقہ کے خیال میں انہوں نے خلافت سے دست بردار ہو کر ایک باغی حکومت کے ہاتھ مضبوط کئے اور جس شخصیت سے اُن کے والدؓ گرامی اپنے سارے عہد خلافت میں برسر پیکار رہے اُسے خلافت تفویض کر کے انہوں نے اپنے والد ماجد کے تمام افکار و نظریات پر خطِ تنسیخ کھینچ دیا۔ تیسرے طبقہ کے خیال میں وہ امت کی فلاح و بہبود کے لئے خلافت جیسے پُرشکوہ منصب سے دست بردار ہو گئے اس لئے وہ عظیم کردار کے حامل تھے۔ مورخین کا ایک طبقہ ایسا بھی ہے جس کے نزدیک وہ خلافت سے دست بردار ہونے کے لئے تو تیار نہ تھے مگر ان

Marfat.com

ان کی وفات کا مسئلہ بھی بڑا متنازعہ فیہ ہے۔ کچھ لوگ کہتے ہیں کہ انہیں امیر معاویہؓ نے زہر دلوایا تھا۔ دوسرا گروہ اس خیال کا حامل ہے کہ حضرت امام حسنؓ کو زہر دلوانے میں امیر معاویہؓ کا نہیں یزید کا ہاتھ تھا۔ بعض مورخین نے اس رائے کا اظہار کیا ہے کہ نہ تو امیر معاویہؓ نے زہر دلوایا نہ یزید نے بلکہ ان کی بیوی نے ازخود انہیں زہر دیا تھا۔ غرض حضرت امام حسنؓ کی تاریخ ساز شخصیت اختلاف و اتفاق کے دبیز پردوں میں کچھ اس طرح مخفی ہو گئی ہے کہ ایک جویائے حقیقت کے لئے اس تک رسائی حاصل کرنا بہت مشکل ہے۔

سیّدنا حضرت امام حسنؓ کی شخصیت پر سے ان دبیز پردوں کو اٹھاتے ہوئے مورخ کو جن مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے اس کا اندازہ صرف وہی لوگ کر سکتے ہیں جو اس وادیٔ خارزار کے مسافر ہیں۔ اسے ہماری بدقسمتی کہنا چاہیئے کہ تاریخ اسلام کی بڑی بڑی شخصیتوں (خلفائے راشدین، اہلبیت رسولؐ اور اصحاب رسولؐ) کے متعلق بھی مسلمانوں میں زبردست اختلاف ہے اور ان میں سے کوئی شخصیت ایسی نہیں جس کے ساتھ عقیدتمندوں اور مخالفوں کے بڑے بڑے گروہ وابستہ نہ ہوں۔ یہ گروہ ان شخصیتوں کے ساتھ اس زمانہ سے وابستہ ہیں جب تاریخ نویسی کی ابتدا بھی نہیں ہوئی تھی۔ ان مختلف الخیال لوگوں نے ان شخصیتوں کے متعلق موافق و مخالف

تعلق تھا اس کے افراد کس مرتبے کے مالک تھے۔

اُردو زبان میں حضرت امام حسنؓ پر جو کتابیں لکھی گئی ہیں اُن میں آپؓ کے سوانح اور سیرت و کردار کے متعلق بہت ناکافی معلومات پیش کی گئی ہیں۔ میں نے کوشش کی ہے کہ اس حیثیت سے بھی کتاب کو زیادہ سے زیادہ جامع بنایا جائے۔ اس کتاب میں ایک باب معاویہؓ بن ابوسفیان اور دوسرا امام حسنؓ اور امیر معاویہؓ کی کشمکش کے پس منظر سے متعلق بھی شامل کیا گیا ہے۔ ان دونوں ابواب کو شامل کرنے کا مقصد یہ ہے کہ قارئین کرام ان اسباب و عوامل سے آگاہ ہو سکیں جنہوں نے امت میں نفاق و انتشار کی وہ وسیع و عریض خلیج حائل کر دی جس نے مسلمانوں کو کبھی ختم نہ ہونے والی خوں ریزی میں مبتلا کر دیا اور جس کے نتیجے میں نظام خلافت کا وہ تصور پاش پاش ہو گیا جسے حضرت ابوبکرؓ و عمرؓ نے پیش کیا تھا اور جسے حضرت علیؓ مثالی حیثیت دینا چاہتے تھے اور پھر اسی اختلاف نے حضرت امام حسنؓ جیسے قدسی نفس کو مجبور کر دیا کہ وہ ملوکیت کیلئے راستہ صاف کر دیں۔

ان تمام پہلوؤں پر غور کرنے کے بعد اندازہ کیا جا سکتا ہے کہ میرا کام کتنا مشکل تھا میں نہیں کہہ سکتا کہ قارئین کرام اس کتاب کے مندرجات کے کتنے حصہ سے اختلاف کریں گے اور کن حصوں سے اتفاق کریں گے۔ مجھے اس کا بھی پیش از وقت یقین ہے کہ میں بہت سے لوگوں کے عتاب کا

Marfat.com

نشانہ ہوں گا۔ خصوصاً وہ لوگ جو مُسلّمات کے خلاف خواہ وہ کتنے ہی غلط ہوں ایک لفظ سننا پسند نہیں کرتے اس کتاب کے بعض مندرجات پر بہت جزبز ہوں گے۔ مجھے ان کی خفگی گوارا ہے مگر یہ گوارا نہیں کہ حقائق کو چھپاؤں۔ جو بات مجھے درست معلوم ہوئی ہیں نے بے کم و کاست بیان کر دی۔ میرا ضمیر مطمئن ہے کہ ہیں نے جو کچھ لکھا ہے اخلاص اور دیانت داری سے لکھا ہے۔ پوری تلاش و تحقیق اور غور و فکر کے بعد لکھا ہے اور سب سے بڑی بات یہ کہ غیر جانبدار ہو کر لکھا ہے۔ میرا مقصد نہ کسی کی خوشنودی حاصل کرنا ہے اور نہ جان بوجھ کر دل آزادی کرنا کہ تاریخ نویس کا منصب ان باتوں سے بہت بالا ہے۔

آخر میں ہیں اپنے دیرینہ کرم فرما حکیم حبیب اشعر صاحب دہلوی کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ موصوف نے مجھے اس کتاب کی تالیف پر آمادہ کیا ورنہ ہیں تو اس راہ کی دشواریوں کی وجہ سے ہمت ہار بیٹھا تھا۔

پیام شاہجہان پوری

لاہور ۱۰ نومبر ۱۹۶۲ء

Marfat.com

# فہرست



| نمبر شمار | عنوان | صفحہ |
|---|---|---|
| | خدیجہؓ بنت خویلد<br>صـ۲۱ تا صـ۳۸ | |
| ۱ | والدین | ۲۲ |
| ۲ | پہلی شادی | ۲۴ |
| ۳ | دوسری شادی | ۲۴ |
| ۴ | کاروبار تجارت | ۲۵ |
| ۵ | رسولؐ اللہ سے نکاح | ۲۶ |
| ۶ | رسولؐ اللہ کی خدمت | ۲۸ |
| ۷ | قبول اسلام | ۳۰ |
| ۸ | حضرت خدیجہؓ کا ثبات واستقلال | ۳۲ |
| ۹ | وفات | ۳۴ |
| ۱۰ | اولاد | ۳۷ |



Marfat.com

| صفحہ | عنوان | نمبر شمار |
|---|---|---|
| | **حسنؓ اور معاویہؓ کی کشمکش کا پس منظر**<br>ص ۱۲۷ تا ص ۱۶۸ | |
| ۱۲۹ | قبائل عرب کی باہمی کشمکش | ۳۵ |
| ۱۳۱ | قضاعہ اور بنو بکر کی جنگ | ۳۶ |
| ۱۳۳ | قریش کی حکومت کا آغاز | ۳۷ |
| ۱۳۶ | بنو عبدالدار اور بنو عبد مناف میں اختلاف | ۳۸ |
| ۱۳۷ | ہاشم کی سرداری | ۳۹ |
| ۱۳۸ | ہاشم اور امیہ میں عداوت کا آغاز | ۴۰ |
| ۱۴۰ | عبدالمطلب کی سرداری | ۴۱ |
| ۱۴۲ | عبدالمطلب اور حرب میں عداوت | ۴۲ |
| ۱۴۳ | ابوسفیان کی حضور سے عداوت | ۴۳ |
| ۱۵۳ | ابوسفیان اور جنگ احد | ۴۴ |
| ۱۵۶ | ابوسفیان کی ناپاک کوشش | ۴۵ |
| ۱۵۸ | ابوسفیان اور غزوہ خندق | ۴۶ |
| ۱۶۱ | ابوسفیان کی ایک اور ناکامی | ۴۷ |
| ۱۶۴ | ابوسفیان اسلام قبول کرتا ہے | ۴۸ |

Marfat.com

| صفحہ | عنوان | نمبر شمار |
|---|---|---|
| ۱۹۰ | سودا بازی | ۶۳ |
| ۱۹۲ | پروپاگنڈے کا گھٹیا طریقہ | ۶۴ |
| | **خلافت سے دستبرداری** | |
| | ص۱۹۹ تا ص۲۶۲ | |
| ۲۰۰ | خارجیوں کا رویہ | ۶۵ |
| ۲۰۲ | دست برداری کا اعلان | ۶۶ |
| ۲۰۳ | راویوں کی غلط بیانیاں | ۶۷ |
| ۲۰۴ | ایک فرضی تقریر | ۶۸ |
| ۲۰۶ | بیانات کا تضاد | ۶۹ |
| ۲۰۹ | حضرت حسنؓ زبردست قوت کے مالک تھے | ۷۰ |
| ۲۱۰ | اہل کوفہ کا استفسار | ۷۱ |
| ۲۱۲ | ایک اور شہادت | ۷۲ |
| ۲۱۳ | حضرت حسنؓ کے مزاج کا تجزیہ | ۷۳ |
| ۲۱۸ | اصل بات | ۷۴ |
| ۲۲۱ | ایک اعتراض اور اس کا جواب | ۷۵ |
| ۲۲۴ | حضرت علیؓ کا نقطہ نگاہ | ۷۶ |


Marfat.com

## پہلی شادی

آخرکار قرعۂ فال ابوہالہ بن نباش تمیمی کے نام نکلا جو اخلاقِ عالیہ اور حسب و نسب کے ساتھ ساتھ سخاوت و فیاضی کے اعتبار سے بھی بڑے نامور تھے، چنانچہ خویلد نے ابوہالہ[1] سے حضرت خدیجہؓ کا نکاح کر دیا۔

ابوہالہ سے حضرت خدیجہؓ کے ہاں دو بیٹے پیدا ہوئے۔ پہلے کا نام ہالہ اور دوسرے کا نام ہندہ تھا لیکن تھوڑے ہی عرصہ کے بعد عین عالمِ شباب میں ابوہالہ کا انتقال ہوگیا اور حضرت خدیجہؓ پر غم والم کا پہاڑ ٹوٹ پڑا۔ اپنے نیک نفس اور محبوب شوہر کی وفات کا حضرت خدیجہؓ کو اس قدر غم ہوا کہ عرصہ تک انہوں نے دوسری شادی کا خیال تک نہ کیا حالانکہ اس دوران میں عرب کے بڑے بڑے معزز اور مالدار لوگوں نے ان کی خدمت میں نکاح کے پیغام بھیجے مگر وہ ہر بار انکار کرتی رہیں لیکن آخرکار اپنے والد کے مسلسل اصرار پر دوسرا نکاح کرنے پر آمادہ ہو گئیں۔

## دوسری شادی

ان کی دوسری شادی قریش کے ایک شریف اور دولت مند شخص

---

[1] استیعاب جلد دوم صـ ۳۷۸

حیرت انگیز نمونہ دکھایا۔ وہ ہر موقع پر رسول اللہ کی معاون و مددگار اور ہمدرد و غمخوار ثابت ہوئیں، تاریخ میں آتا ہے کہ ؎

"رسول اللہ کو مشرکوں کی تکذیب سے جو رنج ہوتا تھا حضرت خدیجہؓ اسے زائل کر دیتی تھیں، وہ حضورؐ کی ہر بات کی تائید کرتیں اور کفار کی مخالفت کو آپؐ کے سامنے بے وزن بنا کر پیش کرتی تھیں۔ (طبقات جلد دوم صٓ۴۷)

حضرت خدیجہؓ مکہ کی بڑی ذی اثر خاتون تھیں اور ان کا قبیلہ مکہ کے چند بڑے اور طاقتور قبیلوں میں سے تھا۔ اس لئے کفار رسول اللہ پر ہاتھ ڈالتے ہوئے گھبراتے تھے۔ پس اگر یہ کہا جائے تو غلط نہ ہوگا کہ حضرت خدیجہؓ نے صرف زبانی ہی رسول اللہ کی تصدیق اور اعانت نہیں کی بلکہ اپنے اثر ورسوخ سے کام لے کر بھی حضورؐ کو قریش مکہ کی اذیت سے محفوظ رکھا، پھر انہوں نے اپنے مال سے بھی حضورؐ کے مشن کی نشر و اشاعت میں بڑی امداد کی اور روپے کو پانی کی طرح بہایا۔ بعثت نبوی کے ساتویں سال جب قریش مکہ نے رسول اللہ آپ کے متبعین اور بنو ہاشم کا اقتصادی اور معاشرتی مقاطعہ کر دیا اور آپ شعب ابی طالب میں محصور ہونے پر مجبور کر دیئے گئے تو اس موقع پر بھی حضرت خدیجہؓ کے پائے استقلال میں لغزش نہ آئی۔ وہ نہ صرف یہ کہ حضورؐ کے ساتھ گھاٹی میں محصور ہوگئیں،

پھر یہ مرثیہ پڑھا :-

| | |
|---|---|
| ماذا علیٰ من شم تربت احمد | تربت رسول اللہؐ کی مٹی سونگھنے والے |
| الایشم مد لی الزمان غوالیا | پر لازم ہے کہ وہ ہر خوشبو سے بے نیاز ہو جائے ۔ |
| صبت علیٰ مصائب لوانہا | مجھ پر مصائب کے جو پہاڑ ٹوٹے |
| صبت علیٰ الایام عدن لیالیا | ہیں وہ ایسے ہیں کہ اگر دنوں پر ٹوٹتے تو وہ راتوں سے بدل جاتے |

اسی طرح ایک روز آپ رسول اللہؐ کے مزار مبارک کے سرہانے کھڑی تھیں اور وفور جذبات سے آنکھیں اشک بار تھیں کہ بے ساختہ مندرجہ ذیل اشعار آپ کی زبان پر جاری ہو گئے ۔

| | |
|---|---|
| اغبر آفاق السماء وکورت | آسمان کی وسعتوں پر غبار چھا گیا |
| شمس النہار واظلم العصران | آفتاب کو تہہ کر دیا گیا، دنیا سیاہ |
| والارض من بعد النبی کیئبتہ | پوش ہو گئی ، فرقت رسول اللہ میں |
| اسفا علیہ کثیرۃ الاحزان | زمین پر غم والم اور افسردگی چھا گئی |
| فلیبلہ شرق البلاد وغربہا | اہل مشرق واہل مغرب دونوں کو |
| ولتبکہ مضر وکل یمان | حضورؐ کے سانحہ ارتحال پر اشک |
| یا خاتم المرسل المبارک ضوءہ | باری کرنا چاہیئے اور اہل مصر اور |

Marfat.com

حضرت علیؓ بھی آپؐ کے ساتھ جاتے تھے۔ اور حضورؐ کے طرز تبلیغ کا بڑے غور سے مشاہدہ کرتے (۱؎ کنز العمال جلد ششم ص ۳۱۹)

کبھی کبھی ایسا بھی ہوتا کہ آں حضرت خانہ کعبہ میں مصروفِ عبادت ہوتے اور حضرت علیؓ بتوں کے ہاتھ پیر اور سر توڑ کر انہیں عیب دار کرنے میں مصروف ہوتے۔ حالانکہ آں حضرت نے انہیں کبھی اس قسم کی ہدایت نہیں فرمائی مگر خود ان کی فطرت میں بتوں سے نفرت کا جذبہ موجزن رہتا تھا یہ اسی جذبہ کی کارفرمائی کے مظاہر تھے (۲؎ مسند ابن حنبل جلد اول ص ۸۴)

بعثت نبویؐ کے چوتھے سال آں حضرتؐ کو حکم ہوا کہ اپنے رشتہ داروں کو دعوتِ اسلام دیجیے چنانچہ آپ نے ایک دعوت کا اہتمام کیا جس میں اپنے قریبی رشتہ داروں کو مدعو کیا۔ اس دعوت میں بنو ہاشم کے چالیس افراد شریک ہوئے۔ ان لوگوں میں حضرت حمزہؓ، حضرت عباسؓ، ابولہب اور ابوطالب کے نام خاص طور پر قابل ذکر ہیں۔ اس دعوت کا انتظام آپؐ نے حضرت علیؓ کے سپرد کیا۔ چودہ سال کی عمر ہی کیا ہوتی ہے، مگر حقیقت یہ ہے کہ اس صغر سنی کے باوجود انہوں نے بڑے سلیقے سے اس تقریب کا اہتمام کیا اور بکری کے پائیوں اور دودھ سے شرکائے دعوت کی تواضع کی۔ آں حضورؐ چاہتے تھے کہ کھانے سے فراغت کے بعد حاضرین سے خطاب فرمائیں، مگر اس شب ابولہب نے (غالباً شراب میں مخمور ہونے کی وجہ سے)

Marfat.com

حضرت عمرؓ کہہ اٹھے تھے کہ "خدا کی قسم اگر علیؓ نہ ہوتے تو عمرؓ ہلاک ہو گیا ہوتا"۔

حضرت عمرؓ کی شہادت کے بعد جب حضرت عثمانؓ خلیفہ ہوئے تو حضرت علیؓ نے اسی وقت اُن کی بھی بیعت کر لی اور حضرت عثمانؓ کو بھی اپنے دونوں پیش روؤں کی طرح حضرت علیؓ کا تعاون حاصل رہا۔ جب ایک منظم سازش کے تحت کوفہ، بصرہ اور مصر کے باغیوں نے مدینہ آکر حضرت عثمانؓ کے خلاف اپنی شکایات بیان کیں تو حضرت علیؓ ہی تھے جنہوں نے سمجھا بجھا کر ان مفسدوں کو واپس جانے پر مجبور کر دیا۔ پھر جب دوسری بار ان لوگوں نے مدینہ آکر حضرت عثمانؓ کے مکان کا محاصرہ کیا تو اس موقع پر بھی حضرت علیؓ ہی نے اپنے اثر و نفوذ سے کام لے کر باغیوں کو واپس کر دیا تیسری بار ان لوگوں نے حضرت عثمانؓ پر سختی شروع کی تو اس موقع پر بھی حضرت علیؓ نے اپنی خدمات پیش کیں لیکن حضرت عثمانؓ نے حضرت علیؓ اور ان تمام صحابہؓ کو جو خلیفۃ المسلمین کی مدافعت میں اپنی تلواریں بے نیام کرنا چاہتے تھے سختی کے ساتھ خونریزی کرنے سے منع کر دیا۔ مجبوراً حضرت علیؓ کو خانہ نشین ہونا پڑا اور پھر وہ المناک اور لرزہ خیز واقعہ پیش آیا جس نے حضرت عثمانؓ ہی کی جان نہیں لی بلکہ امت محمدیہ کے بھی تلوار سے دو ٹکڑے کر دیئے۔

Marfat.com

ایک بار جب وہ یمن کے وزیر مال کے منصب جلیلہ پر فائز تھے تو بعض لوگوں نے حضور (صلی اللہ علیہ وسلم) سے ان کی شکایت کی - یہ شکایت کچھ قیمتی کپڑے کے متعلق تھی جو حضرت علیؓ کے نائب نے آپ کی اجازت کے بغیر فوج میں تقسیم کر دیا تھا۔ چونکہ یہ بیت المال کی ملکیت تھی اس لئے جب حضرت علیؓ کو اس کی اطلاع ہوئی تو انہوں نے یہ کپڑا ان لوگوں سے واپس لے کر مقامی بیت المال میں جمع کرا دیا۔ فوج کے بعض لوگوں نے آنحضرتؐ سے حضرت علیؓ کے اس سلوک کی شکایت کی تو آپؐ نے فرمایا کہ "اے لوگو! علیؓ کی شکایت نہ کیا کرو وہ خدائی احکام کے بارے میں بہت سخت واقع ہوئے ہیں"۔

(سیرت ابن ہشام)

حضرت علیؓ کی ذاتی زندگی بھی بڑی پاکیزہ تھی اور ان کے اخلاق و عادات مثالی حیثیت رکھتے تھے۔ وہ رسولؐ اللہ کے بھائی اور آپؐ کے داماد تھے۔ حسب و نسب کے لحاظ سے عرب کے ممتاز ترین فرد تھے اور اس وقت کی معلوم دنیا کے سب سے بڑے فرمانروا تھے۔ مگر اس کے باوجود نہایت منکسر المزاج واقع ہوئے تھے۔ اپنا کام اپنے ہاتھ سے کرتے تھے۔ اپنا سودا بازار سے خود خرید کر لاتے تھے۔ اپنی جوتی خود سیتے تھے۔ ظاہری شان و شوکت اور طمطراق سے انہیں بعید

Marfat.com

کنارہ کش ہو گئے اور امیر معاویہؓ بلا شرکت غیرے سارے عالم اسلام کے فرماں روا بن گئے، یہ واقعہ ربیع الاول ۴۱ھ میں پیش آیا۔

## راویوں کی غلط بیانیاں

یہ ہے اس واقعہ کی صحیح صورت جو ہم نے سطور بالا میں بیان کی ہے لیکن نہایت افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ حضرت امام حسنؓ اور امیر معاویہؓ کے بدخواہوں نے تاریخ کے اس سیدھے سادھے واقعے کو بھی پیچیدہ بنا دیا اور مورخین نے تاریخ اسلام کے اس باب کو قلم بند کرتے ہوئے عجائبات کا ایک دفتر کھول دیا۔ فرضی اور غلط روایات کا اتنا بڑا ڈھیر لگا دیا گیا کہ اصل واقعہ بالکل مسخ ہو گیا۔ یہ روایات اس قدر تواتر سے بیان کی گئیں کہ بعض فہیم لوگ بھی ان سے متاثر ہو گئے اور عوام تو انہیں پتھر کی لکیر سمجھ بیٹھے۔ اس لئے مناسب معلوم ہوتا ہے کہ اس موقع پر یہ غلط روایات پیش کر کے ان کو نقد و جرح کی کسوٹی پر پرکھا جائے تاکہ غلط فہمیوں کا ازالہ ہو سکے

تمام مورخ اس امر پر متفق ہیں کہ حضرت امام حسنؓ نے صرف اور صرف امت کو خوں ریزی سے بچانے کے لئے خلافت سے دست برداری گوارا کی تھی لیکن انہیں مورخین نے اپنی سادہ لوحی کی

بنا پر ایسی روایات بھی قبول کرلیں جو حضرت امام حسنؓ کے مخالفوں نے مشہور کردی تھیں جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ خود ان مورخوں کے بیانات میں سخت تضاد پیدا ہوگیا۔ اب ہم اس واقعے کی وہ تصویر پیش کرتے ہیں جو ہمارے سادہ لوح مورخین نے روایات کی چھان بین کئے بغیر پیش کی ہے۔ اس کے مطابق واقعات کی ترتیب یوں قائم ہوئی ہے:

حضرت امام حسنؓ کو امیر معاویہؓ کی پیشقدمی کی اطلاع ملی تو آپؓ بھی اپنا لشکر لیکر مدائن کی طرف روانہ ہوگئے۔ راستے میں آپؓ نے محسوس کیا کہ لوگ جنگ سے پہلوتہی کررہے ہیں، چنانچہ آپؓ نے انہیں روک کر مندرجہ ذیل تقریر کی۔

**ایک فرضی تقریر**

"اے لوگو! میرے دل میں کسی مسلمان کی طرف سے کینہ نہیں ہے اور میں تمہارے لئے وہی چیز پسند کرتا ہوں جو مجھے اپنے لئے پسند ہے میں تمہارے سامنے اپنی رائے اس امید کے ساتھ پیش کرتا ہوں کہ تم اسے رد نہیں کروگے۔ میں دیکھتا ہوں کہ تم میں سے بیشتر لوگ جنگ کرنے سے کترا رہے ہیں اور بزدلی دکھا رہے ہیں۔ میں نہیں چاہتا کہ تمہاری مرضی کے خلاف کوئی کام کروں۔"

Marfat.com

حضرت امام حسنؓ کی اس تقریر سے لوگ سمجھ گئے کہ آپؓ جنگ سے گریز کر رہے ہیں اس پر ایک ہنگامہ برپا ہو گیا۔ لوگ آپ پر جھپٹ پڑے، کسی نے آپؓ کے نیچے سے وہ فرش نکال لیا جس پر آپ بیٹھے ہوئے تھے۔ ایک نے بڑھ کر گلے میں سے چادر کھینچ لی۔ کسی نے عبا پر پر ہاتھ ڈالا اور اسے نوچ لیا۔ اس افراتفری میں آپ گھوڑے پر سوار ہوئے اور سیدھے مدائن کی طرف روانہ ہو گئے۔ راستے میں ایک خارجی نے حملہ کر کے آپؓ کو زخمی کر دیا۔ مدائن پہونچ کر آپؓ نے اپنا علاج کرایا۔ صحت یاب ہونے کے بعد پھر امیر معاویہؓ کے مقابلے کے لئے روانہ ہو گئے۔ مگر جب امیر معاویہؓ کے جرنیل (عبداللہ بن عامر) نے امام حسنؓ کو پیغام بھیجا کہ امت کی بہتری اسی میں ہے کہ آپؓ خلافت سے دست بردار ہو جائیں اور ساتھ ہی اس نے یہ بھی مشہور کیا کہ امیر معاویہؓ ٹڈی دل فوج لے کر شام سے روانہ ہو چکے ہیں اور انبار کے مقام تک پہونچ گئے ہیں تو یہ سن کر حضرت امام حسنؓ کی فوج میں پست ہمتی کے آثار پیدا ہو گئے اور وہ پسپا ہونے لگی جب حضرت امام حسنؓ نے اپنی فوج کا یہ رنگ دیکھا تو آپ پھر مدائن سے واپس آ گئے اور دست برداری کی شرائط لکھ کر امیر معاویہؓ کو بھیج دیں۔

یہ ہے تاریخ اسلام کے اس باب کا لب لباب جو ہم نے

Marfat.com

تاریخ طبری، تاریخ ابن خلدون، اخبار الطوال اور ابن اثیر سے اخذ کر کے پیش کیا ہے۔ اگر ان تمام واقعات کو درست مان لیا جائے تو ان سے حسب ذیل نتائج نکلتے ہیں۔

(۱) حضرت امام حسنؓ امیر معاویہؓ کی پیش قدمی کی خبر سن کر اپنے لشکر کے ساتھ مدائن روانہ ہوئے تاکہ امیر معاویہؓ سے جنگ کر کے ان کی پیش قدمی کو ناکام بنا دیں۔

(۲) راستے میں آپؓ نے اپنی فوج میں پست ہمتی کے آثار دیکھے اس لئے جنگ سے گریز فرمایا۔

(۳) اس پر آپ کی فوج کے لوگوں نے آپ پر حملہ کر دیا۔ آپ کی توہین کی اور آپ کو زخمی بھی کر دیا۔

(۴) صحت یاب ہونے کے بعد آپؓ امیر معاویہؓ سے جنگ آزمائی کے لئے پھر گھوڑے پر سوار ہوئے۔

(۵) مگر عبداللہ بن عامر کی تقریر پر جب اپنی فوج کو پسپا ہوتے دیکھا تو مدائن واپس آ کر خلافت سے دست بردار ہو گئے۔

## بیانات کا تضاد

تاریخ اسلام کا ایک غیر جانبدار اور حقائق کا متلاشی طالب علم

Marfat.com

جب ان واقعات پر غور کرتا ہے تو اس کے ذہن میں یہ سوال ابھرتا ہے کہ ایک طرف تو یہ کہا جاتا ہے کہ حضرت امام حسنؓ امت مسلمہ کو خوں ریزی سے بچانے کے لئے اور مسلمانوں کے اتفاق و اتحاد کی خاطر خلافت سے دست بردار ہوئے تھے اور دوسری طرف یہ کہا جاتا ہے کہ وہ اپنی فوج میں بزدلی اور پست ہمتی کے آثار دیکھ کر خلعِ خلافت پر مجبور ہو گئے۔ آخر ان دونوں متضاد باتوں سے کونسی بات صحیح ہے ؟ اگر وہ صرف امت مسلمہ کے اتحاد و اتفاق کے لئے ہی خلافت سے دست بردار ہوئے تھے تو پھر ان کی اس تقریر کا کیا مفہوم لیا جائے گا جس میں انہوں نے کہا تھا کہ

> "میں دیکھتا ہوں کہ تم میں سے بیشتر لوگ جنگ کرنے سے پہلو تہی کر رہے ہیں اور بزدلی کا مظاہرہ کر رہے ہیں میں نہیں چاہتا کہ تمہاری مرضی کے خلاف کوئی کام کروں۔"

اگر امام حسنؓ نے فی الواقعہ یہ تقریر کی تھی تو پھر تسلیم کرنا پڑے گا کہ وہ خود صلح پسند نہیں تھے وہ تو خلافت چاہتے تھے خواہ اس کے لئے جنگ ہی کیوں نہ کرنا پڑتی۔ مگر کیا کرتے حالات نے مجبور کر دیا۔ ساتھیوں نے ساتھ چھوڑ دیا اس لئے خلافت سے دست بردار ہو گئے۔ اس صورت

میں حضرت امام حسنؓ کی پوزیشن بے حد کمزور ہو جاتی ہے اور ان کے مذکورہ نوبیسوں اور مداحوں کا بنایا ہوا الفاظ کا سارا محل دھڑام سے زمین پر آرہتا ہے۔ لیکن بات یہیں ختم نہیں ہو جاتی ہے بلکہ ایک اعتراض اور پیدا ہوتا ہے کہ جب حضرت امام حسنؓ اپنے ہمراہیوں کا سلوک دیکھ چکے تھے ان کی چادر، کپڑے، اور مصلّے تک چھین لیا گیا تھا اور انہیں بمشکل تمام اہل لشکر کی یورش سے بچایا گیا تھا۔ پھر صحت یاب ہو کر دوبارہ انہیں کی معیت میں حملے کے لئے روانگی کیا معنی رکھتی ہے۔

واقعے کے ان تمام پہلوؤں پر غور و خوض کرلینے کے بعد ہمارے لئے صرف دو ہی راستے رہ جاتے ہیں۔

(۱) یا تو ہم یہ تسلیم کرلیں کہ حضرت امام حسنؓ نے لشکر کی پست ہمتی سے مجبور ہو کر امیر معاویہؓ سے صلح کی ورنہ وہ تو خلافت کے خواہش مند تھے۔ اور اس کے لئے جنگ تک کرنے کو تیار تھے۔

(۲) یا یہ تسلیم کرلیں کہ انہوں نے اپنی فطری صلح پسندی مسلمانوں کو خوں ریزی سے بچانے اور امت میں اتفاق و اتحاد پیدا کرنے کے لئے خلافت سے دست برداری گوارا کی تھی۔ لشکر کی

موقع مل سکے، یہ بڑے بہادر لوگ تھے اور ان کے سرفروشانہ کارناموں سے تاریخ کے صفحات بھرے پڑے ہیں۔ اس کے علاوہ ابن عساکر کے بقول چالیس ہزار بہادروں کا لشکر حضرت امام حسنؓ کے پرچم تلے جمع تھا جو امیر معاویہؓ سے جنگ کرنے اور مارنے مرنے کی قسم کھا چکا تھا۔ (ابن عساکر جلد دوم ص ۲۱۹)

ان واقعات سے صاف ظاہر ہوتا ہے کہ حضرت امام حسنؓ کی فوج آپ کی جاں نثار اور فداکار تھی اور آپ زبردست قوت کے مالک تھے۔ زمانہ حال کے مشہور مؤرخ ڈاکٹر طٰہٰ حسین نے اپنی کتاب "الفتنۃ الکبریٰ" کے دوسرے حصہ میں جس کا نام "علی و بنوہ" ہے لکھا ہے کہ :۔

## اہل کوفہ کا استفسار

ایک روز کوفہ کے سربرآوردہ لوگوں کا ایک وفد حضرت امام حسنؓ کی خدمت میں حاضر ہوا اور وفد کے ایک رکن سلیمان ابن صرد خزاعی نے عرض کیا کہ ہماری حیرت ابھی تک دور نہیں ہوئی کہ آپ کے پاس کوفہ کے چالیس ہزار بہادروں کا لشکر موجود تھا۔ یہ سب آپ کے وظیفہ یاب اور خیر خواہ تھے اور آپ کی حمایت میں جنگ

Marfat.com

کرنے کے لئے پوری طرح تیار تھے۔ پھر حجاز اور بصرہ کے لوگ بھی آپ کے حامی تھے۔ اس کے باوجود آپؑ نے امیر معاویہؓ کی بیعت کر لی۔ (علی و بنوہ، از ڈاکٹر طہٰ حسین صلا مطبوعہ مصر)

سلیمان بن صرد کے اس استفسار کے جواب میں حضرت امام حسنؑ نے جو الفاظ کہے ان سے بھی اس خیال کی تائید ہوتی ہے کہ جس وقت حضرت امام حسنؑ خلافت سے دست بردار ہوئے ہیں اس وقت آپ زبردست قوت و شوکت کے مالک تھے۔ چنانچہ آپ نے فرمایا کہ:۔

"تم لوگ ہمارے خیرخواہ ہو اور تمہیں ہم سے محبت ہے (یعنی اسی لئے تمہارا دل میری خلافت سے دست برداری کو گوارا نہیں کرتا) لیکن میں دنیا کے پیچھے بھاگنا پسند نہیں کرتا تھا اگر میں حصولِ اقتدار کا خواہشمند ہوتا تو معاویہؓ کے پاس وہ قوت و شوکت نہیں تھی جو میرے پاس تھی اور نہ ان میں مجھ سے زیادہ خودداری تھی اور نہ وہ میری طرح راسخ الارادہ تھے۔ تم لوگ جس نظر سے معاملات کو دیکھتے ہو میں اس

Marfat.com

سے مختلف نظریہ رکھتا ہوں۔ میں نے جو قدم اٹھایا
اس سے میرا مقصد سوائے اس کے اور کچھ نہ
تھا کہ مسلمانوں میں باہم خون ریزی نہ ہو۔" (علی و بنوہ صـ۲۰۷)

حضرت امام حسنؓ کے اس جواب سے دو باتیں ثابت ہوتی ہیں پہلی یہ کہ حضرت امام حسنؓ کی فوج نے کسی قسم کی کمزوری نہیں دکھائی اور وہ سب حضرت امام حسنؓ کے پوری طرح مطیع و فرمانبردار تھے۔ حضرت امام حسنؓ کے پاس امیر معاویہؓ سے کہیں زیادہ طاقت تھی اور وہ ان سے کہیں زیادہ مضبوط ارادے کے مالک تھے۔ دوسری بات یہ ہے کہ اپنی فوج کی کمزوری یا پست ہمتی کی وجہ سے نہیں بلکہ مسلمانوں کو خون ریزی سے بچانے کے لئے وہ خلافت سے دستبردار ہوئے تھے۔ ایک اور موقع پر جب آپ کے متعلق مشہور کیا گیا کہ آپؓ دوبارہ حصولِ خلافت کی کوشش کر رہے ہیں اور ایک شخص نے اس بارے میں آپ سے دریافت کیا تو آپ نے اسے جواب دیا کہ

## ایک اور شہادت

"جس وقت تمام اہلِ عرب کے سر میری مٹھی میں
تھے اور میں انہیں جس سے لڑانا چاہتا وہ اس سے

کبھی ان کے حوالے نہ کرتے لیکن یزید کا معاملہ امیر معاویہؓ کے بالکل برعکس تھا۔ وہ پورے درجے کا بدکردار[1]، عیاش، فاسق وفاجر اور اوباش قسم کا آدمی تھا جس کے ہاتھ میں ہاتھ دینا حضرت امام حسینؓ جیسے متقی اور پرہیزگار انسان کے شایانِ شان نہ تھا۔ اگر یزید میں وہ خرابیاں نہ ہوتیں جن کا ابھی ذکر کیا گیا ہے اور وہ بھی اپنے باپ کی طرح نرم خو، خوش خلق، عالی ظرف، عبادت گذار اور اخلاقی لحاظ سے پاکیزہ کردار کا حامل ہوتا تو ہمیں یقین ہے کہ حضرت امام حسینؓ کبھی اس کی مخالفت نہ کرتے۔

## شرائطِ صلح کا مسئلہ

حضرت امام حسنؓ کی خلافت سے دست برداری کے متعلق جہاں اور بہت سی غلط روایات مشہور ہو گئیں ہیں وہاں شرائطِ صلح سے متعلق بھی روایات کا ایک انبار لگا ہوا ہے اور مورخین نے اس سلسلے میں عجائبات کا ایک دفتر کھول دیا ہے۔ چنانچہ بیان کیا گیا ہے کہ جب حضرت امام حسنؓ نے امیر معاویہؓ کے حق میں دست بردار ہونے کا فیصلہ کر لیا تو انہوں نے

---

[1] یزید کا بدکردار، عیاش اور فاسق و فاجر ہونا ہم نے اپنی کتاب "مقامِ حسینؓ" میں نہایت وزنی دلائل سے ثابت کر دیا ہے (مصنف)

حسب ذیل شرائط لکھ کر امیر معاویہؓ کے پاس بھجوادیں۔

(۱) کسی عراقی کو صرف اس لیے گرفتار نہیں کیا جائے گا کہ وہ امیر معاویہؓ کے خلاف بغض رکھتا ہے۔

(۲) بلا استثناء ہر شخص کو امان دی جائے گی۔

(۳) علاقہ اہواز کا خراج حسنؓ کو ملا کرے گا۔

(۴) حسینؓ کے لیے دو لاکھ سالانہ وظیفہ مقرر کیا جائے گا۔

(۵) عطیات میں بنو ہاشم کو بنو امیہ پر ترجیح دی جایا کرے گی۔

(اخبار الطوال صـ۲۳۲)

پھر بیان کیا گیا کہ قبل اس سے کہ حضرت امام حسنؓ کی یہ شرائط امیر معاویہؓ کے پاس پہنچتیں۔ امیر معاویہؓ نے ایک سادہ کاغذ پر اپنی مہر لگا کر حضرت امام حسنؓ کے پاس بھیج دیا کہ اس پر آپ جو شرائط چاہیں درج کر دیں۔ مجھے آپ کی ساری شرائط منظور ہوں گی۔ جب حضرت امام حسنؓ کو امیر معاویہؓ کا یہ مہر شدہ کاغذ ملا تو انہوں نے اس پر اور بہت سی شرطیں لکھ دیں جو پہلے شرائط نامے میں درج نہ تھیں مگر امیر معاویہؓ نے یہ شرائط تسلیم کرنے سے انکار کر دیا اور کہا کہ جو شرائط آپ پہلے لکھ کر بھیج چکے ہیں میں صرف انہیں کی پابندی کروں گا۔ (الکامل ابن اثیر جلد سوم صـ۲۰۴)

اگر اس روایت کا گہری نظر سے جائزہ لیا جائے تو صاف معلوم ہوتا ہے کہ اس روایت کے راوی کا مقصد یہ تھا کہ امیر معاویہؓ کو جھوٹا، دغاباز، اور عہد شکن ثابت کیا جائے۔ یہ روایت بیان کرکے وہ بظاہر اپنے مقصد میں کامیاب ہوگیا۔ مگر اس کی سطحی نگاہ سے یہ حقیقت اوجھل ہوگئی کہ اس نے جو وار امیر معاویہؓ پر کیا تھا اس کا نشانہ حضرت امام حسنؓ بن گئے۔ کیونکہ اس روایت سے یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ امام موصوف نہایت حریص آدمی تھے۔ پہلے شرائط نامے میں اپنے لئے علاقہ اہواز کا خراج اور اپنے بھائی کے لئے دو لاکھ سالانہ وظیفہ لکھوا لینے کے بعد بھی ان کی ہوس زر کم نہ ہوئی اور موقع ملتے ہی انہوں نے کچھ اور مطالبے کر دیئے۔ ظاہر ہے کہ یہ امر حضرت امام حسنؓ کے بلند روحانی و اخلاقی مرتبے اور آپ کی مسلمہ سیر چشمی کے بالکل برعکس ہے اور یہ طریق کار کسی طرح آپ کے شایانِ شان نہیں ہو سکتا۔ پس تسلیم کرنا پڑے گا کہ یہ روایت سر سے سے جھوٹی ہے۔ اسی طرح پہلے شرائط نامے میں حضرت امام حسنؓ کی طرف سے اپنے لئے علاقہ اہواز کا خراج اور اپنے بھائی کے لئے دو لاکھ سالانہ وظیفے کی جو روایت منسوب کی جاتی ہے وہ بھی قطعی طور پر وضعی ہے کیونکہ اگر یہ روایت درست تسلیم کر لی جائے تو اس سے یہ ثابت ہوگا کہ حضرت امام حسنؓ

Marfat.com

نے خلافت چند لاکھ درہم کے عوض امیر معاویہؓ کے ہاتھ بیچ ڈالی۔ ظاہر ہے کہ یہ بات نہ صرف حضرت امامؓ کے علوئے مرتبت کے خلاف ہے بلکہ واقعات بھی اس کی تائید نہیں کرتے جیسا کہ گذشتہ صفحات میں ثابت کیا جا چکا ہے کہ حضرت امام حسنؓ نے تو محض اللہ تعالےٰ کی خوشنودی حاصل کرنے اور مسلمانوں کو تفرقہ و خوں ریزی سے بچانے کے لئے خلافت سے دست برداری قبول کی تھی، اس سے مالی فائدہ حاصل کرنا آپ کے پیش نظر نہ تھا یہ بات ہم نے صرف حسنِ ظن یا قیاس کی بنا پر نہیں کہی ہے بلکہ اس کے حق میں ایک بڑی وزنی دلیل ہمارے پاس موجود ہے اور وہ بھی حضرت امام حسنؓ کی ایک تقریر ہے جو آپ نے خلافت سے دست برداری کے بعد مجمع عام میں کہی تھی۔ اس تقریر میں آپ نے فرمایا تھا کہ

"اما بعد۔ اے لوگو اللہ تعالےٰ نے تمہارے
اگلوں کو ہماری وجہ سے ہدایت یافتہ بنایا
اور تمہارے پچھلوں کو خوں ریزی سے بچا لیا
سب سے بڑا عقلمند وہ ہے جس نے
تقویٰ اختیار کیا اور سب سے بڑا بیوقوف

Marfat.com

ذکر کرتے تاکہ ہزاروں شرکائے جلسہ انہیں سن لیں اور کل کو معاویہؓ معاہدہ کی ان شرائط سے پھر نہ جائیں۔ مگر ان کی تقریر میں ان شرائط کا کوئی ذکر نہیں ہے۔ اس لئے ثابت ہوتا ہے کہ دونوں کے درمیان اس قسم کا کوئی معاہدہ نہیں ہوا تھا اور نہ کوئی شرائط نامہ لکھا گیا۔ یہ سب جھوٹے قصے اور فرضی روایتیں ہیں جنہیں طبری نے بلا تحقیق کے اپنی تاریخ میں لکھ دیا اور بعد کے مورخوں نے آنکھیں بند کر کے اپنی کتابوں میں درج کر دیا۔

## کیا خلافت پھر حسنؓ کو ملنی تھی؟

اس فرضی شرائط نامے میں جس کا ابھی تاریخ کی روشنی میں تجزیہ کیا جا چکا ہے مذکورہ شرائط کے علاوہ ایک شرط اور بھی بیان کی جاتی ہے اور وہ یہ ہے کہ امیر معاویہؓ کے انتقال کے بعد خلافت پھر حضرت امام حسنؓ کو ملے گی۔ دوسری روایت یہ ہے کہ امیر معاویہؓ اپنی زندگی میں کسی کو اپنا جانشین نامزد نہیں کریں گے بلکہ ان کی وفات کے بعد مسلمان جسے چاہیں گے اپنا امیر منتخب کر لیں گے، اوّل تو دونوں روائتوں کا تضاد ہی ظاہر کرتا ہے کہ یہ جعلی روائتیں ہیں، کیونکہ اگر پہلی روایت صحیح ہے تو دوسری غلط ہے اور اگر دوسری صحیح

Marfat.com

ہے تو پہلی غلط ہے۔ پھر یہ کہ اگر یہ تسلیم بھی کر لیا جائے کہ حضرت امام حسنؓ نے تفویض خلافت کے وقت یہ عہد لے لیا تھا کہ امیر معاویہؓ کے انتقال کے بعد وہ (حضرت امام حسنؓ) خلیفہ ہوں گے تو اس پر ایک بہت بڑا اعتراض وارد ہوتا ہے اور وہ یہ کہ امام حسنؓ کو قبل از وقت کیسے معلوم ہو گیا تھا کہ وہ زندہ رہیں گے اور امیر معاویہؓ وفات پا جائیں گے جب کہ عملاً اس کے برعکس ہوا یعنی امام حسنؓ پہلے فوت ہو گئے اور امیر معاویہؓ امام حسنؓ کے انتقال کے بعد کم و بیش دس سال تک زندہ رہے۔ اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ یہ روایت کس قدر مضحکہ خیز ہے۔ دوسرے "تاریخ کی کسی معتبر کتاب میں ان دونوں روایتوں میں سے کسی روایت کا ذکر نہیں ہے جلال الدین سیوطی نے اپنی کتاب "تاریخ الخلفاء" میں ان میں سے پہلی روایت درج کی ہے مگر نہ کوئی سند ہے نہ حوالہ۔ ظاہر ہے کہ ایسا دعویٰ جس کا کوئی ثبوت نہ ہو اور جس کے حق میں ایک دلیل بھی نہ دی گئی ہو کیونکر قابل قبول ہو سکتا ہے۔ سیوطیؒ کے بعد دوسرے مورخ ابن عبدالبر ہیں جنہوں نے اپنی کتاب 'استیعاب' میں یہ روایت درج کی ہے اور صرف اتنا لکھا ہے کہ علماء کہتے ہیں کہ حضرت امام حسنؓ صرف امیر معاویہؓ کی وفات تک کے لئے خلافت سے دستبردار ہوئے تھے۔ وہ کون سے علماء ہیں جو ایسا کہتے ہیں۔ انہوں نے

Marfat.com

کن کن راویوں سے روایت کی ہے، ان کا سلسلہ کیا ہے۔ ان میں سے کون ثقہ اور کون غیر ثقہ ہیں یا سب ثقہ ہیں۔ ان میں سے کسی سوال کا جواب عبدالبر نے نہیں دیا ہے ایسا معلوم ہوتا ہے کہ ایک ہوائی تھی جو کسی نے اڑا دی اور ابن عبدالبر نے اس پر یقین کر لیا۔ سیوطیؒ اور عبدالبر کے علاوہ جتنے بڑے بڑے مورخ گذرے ہیں ان سب کی کتابیں ان دونوں روایتوں سے خالی ہیں۔ طبری، الدینوری، مسعودی، ابن اثیر، ابن خلدون حتیٰ کہ یعقوبی تک (جو شیعہ مورخ تھا) ان روایتوں کو اپنی کتابوں میں درج نہیں کرتا۔ اگر ان میں کچھ بھی حقیقت ہوتی اور یہ لوگ ان روایتوں کو کچھ بھی وقیع سمجھتے تو ضرور قبول کر لیتے۔ پھر ہم دیکھتے ہیں کہ جب حضرت امام حسنؓ وفات پا جاتے ہیں اور امیر معاویہؓ یزید کی بیعت لینے کے لئے حجاز جا کر وہاں کے اکابر کو اپنا ہمنوا بنا لینے کی کوشش کرتے ہیں تو اس موقع پر حضرت عبداللہ بن زبیرؓ حضرت عبداللہ بن عمرؓ، حضرت عبداللہ بن عباسؓ اور حضرت امام حسینؓ پوری شدت سے امیر معاویہؓ کے اس ارادے کی مخالفت کرتے ہیں۔ اس مخالفت کے سلسلے میں وہ متعدد دلائل پیش کرتے ہیں۔ مثلاً

Marfat.com

حضرت ابو بکرؓ نے اپنا جانشین ضرور نامزد کیا مگر مسلمانوں کے مشورے سے۔ وہ جانشین بھی ان کا بھائی یا بیٹا نہیں تھا بلکہ ایک غیر خاندان کا شخص تھا۔ اہل حجاز کے ان نمائندوں نے امیر معاویہؓ سے کہا کہ اگر آپ حضرت ابو بکرؓ کے طریق کار ہی کو اپنانا چاہتے ہیں تو کسی ایسے شخص کو نامزد کیجئے جس سے آپ کا کوئی رشتہ نہ ہو۔

حضرت عمرؓ نے اپنے انتقال سے پہلے چھ افراد کا ایک کمیشن مقرر کر دیا تھا۔ انہیں میں امر خلافت کو محدود کر دیا تھا۔ اہل حجاز کے ان نمائندوں نے دوسری صورت یہ پیش کی کہ آپ بھی حضرت عمرؓ کے طریق کار کے مطابق ایک کمیشن بنا دیجئے۔

روایت میں آتا ہے کہ حضرت عبداللہ بن زبیرؓ نے کہا کہ ہمارے لئے سب سے بہتر نمونہ رسول اللہؐ کا ہے کہ آپؐ نے کسی کو اپنا جانشین نامزد نہیں کیا بلکہ یہ امر امت پر چھوڑ دیا کہ وہ جسے چاہے اپنا خلیفہ منتخب کر لے۔ پس بہتر تو یہ ہے کہ آپ رسول اللہؐ کا طریقہ کار اختیار کیجئے اور کسی کو اپنا جانشین مقرر ہی نہ کیجئے۔

(الکامل ابن اثیر جلد سوم ص۲۵۲)

یہ تھے وہ دلائل جو ان حضرات نے امیر معاویہؓ کے طریق کار کو

Marfat.com

غلط ثابت کرنے کے لئے پیش کئے۔ غور کرنے کا مقام ہے کہ امیر معاویہؓ اگر حضرت امام حسنؑ کو خلافت حاصل کرتے وقت یہ شرط لکھ کر دے چکے ہوتے کہ وہ اپنی زندگی میں کسی کو اپنا جانشین نہیں بنائیں گے تو فوراً حضرت امام حسینؑ یہ شرائط نامہ ان کے سامنے پیش کر دیتے اگر یہ معاہدہ زبانی ہوا تھا تو وہ انہیں ان کی یہ شرط یاد دلا کر ضرور کہتے کہ آپ نے تو میرے برادرِ اکبر سے خلافت حاصل کرتے وقت عہد کیا تھا کہ میں اپنی زندگی میں کسی کو جانشین مقرر نہیں کروں گا۔ اب اس عہد کی خلاف ورزی کیوں کر رہے ہیں۔ لیکن انہوں نے ایسا نہیں کیا تاریخ کی کسی ایک کتاب سے بھی ثابت نہیں کیا جا سکتا کہ حضرت امام حسینؑ نے امیر معاویہؓ کے اس اقدام کے خلاف یہ دلیل کبھی دی ہو پس اس سے بھی ثابت ہوتا ہے کہ یہ بالکل لغو اور بے اصل روایت ہے جو امیر معاویہؓ کو عہد شکن اور چال باز ثابت کرنے کے لئے وضع کی گئی ہے۔

## حضرت حسنؓ کی وفات

خلافت سے دست برداری کے بعد حضرت امام حسنؑ اپنے اہل و عیال اور اہل بیت کو لے کر مدینہ چلے گئے اور زندگی کے باقی ایام

سے گونج رہے تھے۔ خود بھی روتے جاتے تھے اور لوگوں سے بھی چیخ چیخ کر کہتے تھے کہ "اے لوگو! خوب رو کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے محبوب سے دنیا خالی ہو گئی۔" (تہذیب التہذیب جلد دوم ص۳۰۱)

آپ کا جنازہ اس شان سے اٹھا کہ اس کی نظیر بہت کم دیکھنے میں آئی ہوگی۔ لوگوں کا ہجوم اس قدر تھا کہ بایذ و شاید۔ ثعلبہؒ بن ابی مالک جو آپ کے جنازے میں شریک تھے بیان کرتے ہیں کہ حضرت امام حسنؓ کے جنازے میں لوگوں کی کثرت کا یہ عالم تھا کہ اگر سوئی جیسی باریک چیز بھی پھینک دی جاتی تو ازدحام کی وجہ سے زمین پر نہ گرتی۔

(تہذیب الکمال ص۸۹)

## کیا حضرت حسنؓ کی موت زہر سے ہوئی؟

عام طور سے کہا جاتا ہے کہ حضرت امام حسنؓ کی وفات زہر سے ہوئی اور یہ زہر معاویہؓ کے اشارے سے دیا گیا۔ یہ روایت اس قدر مشہور ہو چکی ہے کہ ہر شخص اسے صحیح سمجھتا ہے اور اس کی تردید کرنا اپنے آپ کو مصیبت میں مبتلا کرنا ہے۔ اس لئے جن لوگوں کو یہ روایت مشتبہ نظر آتی ہے وہ بھی اپنے شبہ کا اظہار کرتے ہوئے اس خوف سے گھبراتے ہیں کہ کہیں عوام کی جذباتی کیفیت کا شکار نہ ہو جائیں، لیکن

Marfat.com

ہمارے خیال میں یہ طریقۂ کار دیانت، جرأت اور تاریخ نویسی تینوں کے اصول کے خلاف ہے۔ مورخ کا کام یہ ہے کہ وہ واقعات کی تہہ تک پہنچے اور صحیح واقعات بیان کرنے کے ساتھ ساتھ ان سے صحیح نتیجہ نکال کر بلا خوف و خطر اپنے قارئین کے سامنے پیش کر دے قطع نظر اس سے کہ کوئی ناراض ہوتا ہے یا خوش۔ کیونکہ مورخ کا کام لوگوں کی دل جوئی کرنا نہیں ہے۔ اس مقدس فرض کی ادائیگی کے اور بہت سے راستے ہیں اس لئے ہم ذیل میں اس روایت کے مختلف پہلوؤں پر روشنی ڈال کر اپنا خیال ظاہر کرتے ہیں۔

اس روایت کے تین حصے ہیں۔ کچھ محدثین و مورخین کا خیال ہے کہ حضرت امام حسنؓ کی موت زہر سے ہوئی مگر وہ زہر دینے والے کا نام نہیں بتاتے ہیں۔ محدث حاکم نے یہی روش اختیار کی ہے، وہ لکھتے ہیں کہ:۔

"ام بکر بنت مسعود کا بیان ہے کہ حسنؓ بن علیؓ کو متعدد بار زہر کھلایا گیا لیکن ہر بار وہ اس کے اثر سے محفوظ رہے مگر جب آخری بار انہیں زہر دیا گیا تو وہ جاں بر نہ ہو سکے اس بار ان کے جگر کے ٹکڑے گرتے

Marfat.com

رہے ہے۔ (مستدرک حاکم جلد سوم صہ ۱۷۳)

اس روایت میں کسی زہر دینے والے کا نام نہیں ہے۔

علامہ عسقلانی نے بھی زہر دینے کا واقعہ تو لکھا ہے مگر انہوں نے بھی زہر دینے والے کے نام کا کوئی تذکرہ نہیں کیا وہ لکھتے ہیں کہ۔

" عمر بن اسحاق اور ان کے ایک اور دوست حضرت امام حسنؓ سے ملنے گئے۔ حضرت امام حسنؓ نے ان سے فرمایا کہ میرے جگر کے ٹکڑے گرے ہیں۔ اس سے پہلے مجھے متعدد بار زہر دیا گیا بعد ازاں امام حسینؑ حضرت امام حسنؑ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور انہوں نے زہر دینے والے کا نام دریافت کرنا چاہا لیکن حضرت امام حسنؓ نے نام نہیں بتایا۔ (اصابہ فی تمیز الصحابہ جلد دوم صہ ۱۳)

مشہور شیعہ مورخ یعقوبی نے بھی زہر دینے کی روایت بیان کی ہے مگر انہوں نے بھی زہر دینے والے کا نام نہیں بتایا وہ لکھتے ہیں کہ :۔

" جب حضرت امام حسنؓ کی وفات کی ساعت قریب آئی تو آپ نے اپنے بھائی حضرت امام حسینؓ

Marfat.com

سے کہا کہ اے میرے بھائی یہ تیسرا اور آخری
موقع ہے کہ مجھے زہر دیا گیا لیکن ایسا سخت زہر
کبھی نہیں دیا گیا میں آج ہی وفات پا جاؤں گا
جب میں فوت ہو جاؤں تو مجھے روضۂ رسول
میں دفن کر دینا کیونکہ رسول اللہ سے قرابت
کی وجہ سے جو استحقاق مجھے حاصل ہے وہ
کسی اور کو حاصل نہیں ہے لیکن اگر لوگ مزاحم
ہوں تو خون ریزی سے گریز کرنا۔ (یعقوبی جلد دوم ص ۲۲۶)

ان محدثین و مورخین کے علاوہ طبری اور ابن سعد نے بھی یہ روایت بیان کی ہے مگر ان دونوں جلیل القدر مورخین نے بھی زہر دینے والے کا نام نہیں لکھا۔

اس روایت کا دوسرا پہلو وہ ہے جس میں زہر دینے والے کی حیثیت سے حضرت امام حسنؓ کی ایک بیوی جعدہ بنت اشعث کا نام بتایا گیا ہے لیکن جعدہ نے یہ زہر کس کے اشارے سے دیا۔ اس کے متعلق ان مورخین نے خاموشی اختیار کی ہے۔۔۔۔ کیونکہ اس کے متعلق کوئی بات ان کے ذہن میں تھی ہی نہیں یا یوں کہنا چاہیے کہ ان تک جو روایتیں پہونچیں ان میں اس بات کا مطلق

ذکر نہیں تھا کہ جعدہ بنت اشعث نے کسی کے اشارے سے زہر دیا۔ چنانچہ ابن اثیر نے صرف اتنے پر اکتفا کی ہے کہ

"اسی سال حسنؓ بن علیؓ کا انتقال ہوا
انہیں ان کی بیوی جعدہ بنت اشعث بن قیس
کندی نے زہر پلایا تھا۔ (الکامل ابن اثیر جلد سوم ص۳۸۳)

تاریخ کی دوسری مشہور کتاب اسد الغابہ ہے۔ اس میں بھی یہ واقعہ بیان کیا گیا ہے مگر اس کا اشارہ تک نہیں ملتا کہ جعدہ نے یہ زہر کس کے اشارہ سے دیا تھا۔ چنانچہ اسد الغابہ کا مولف لکھتا ہے کہ

"حضرت حسنؓ کی وفات کا باعث یہ ہوا
کہ ان کی بیوی جعدہ بنت اشعث بن قیس نے انہیں
زہر دے دیا تھا۔ (اور کیفیت یہ ہو گئی تھی کہ
ان کے پاس ایک طشت رکھا جاتا تھا جب
وہ خون سے بھر جاتا تھا تو اسے اٹھا کر دوسرا
رکھ دیا جاتا تھا یہ حالت چالیس روز تک رہی
حتیٰ کہ وہ اسی میں انتقال کر گئے۔ (اسد الغابہ جلد دوم ص۱۵)

اس روایت کا تیسرا حصہ وہ ہے جس میں بیان کیا گیا ہے کہ جعدہ نے امیر معاویہؓ کے اشارہ سے حضرت امام حسنؓ کو زہر دیا تھا۔

Marfat.com

اس سلسلے میں مورخ ابوالفدا کا بیان یہ ہے کہ :-

"حضرت امام حسنؓ زہر سے فوت ہوئے یہ زہر ان کی بیوی جعدہ بنت اشعث نے دیا تھا۔ لوگ کہتے ہیں کہ جعدہ نے یہ کام امیر معاویہؓ کے اشارے سے کیا تھا۔ اور بعض کہتے ہیں کہ یزید کے اشارے سے۔" (تاریخ ابوالفدا جلد اول ص۱۸۲)

دوسرا مورخ مسعودی ہے جو زہر دینے کا واقعہ بیان کر کے لکھتا ہے کہ :-

"کہا جاتا ہے کہ ان (حضرت امام حسنؓ) کی بیوی جعدہ بنت اشعث بن قیس کندی نے معاویہؓ کے ایماء سے انہیں زہر دیا تھا۔" (مروج الذہب ص۳۴)

تیسرے مورخ علامہ ابن عبدالبر ہیں جو یہ روایت کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ :-

"حسنؓ بن علیؓ کو ان کی بیوی جعدہ بنت اشعث بن قیس کندی نے زہر پلا دیا تھا۔ ایک قلیل جماعت کا کہنا ہے کہ یہ کام معاویہؓ کے ایما سے ہوا۔" (استیعاب جلد اوّل ص۱۴۴)

Marfat.com

حضرت امام حسنؓ کو زہر دینے کے معاملے میں یہ تین مورخ ایسے ہیں جنہوں نے معاویہؓ کی شرکت ظاہر کی ہے لیکن اگر غور سے دیکھا جائے تو ان میں سے ہر مورخ اس واقعہ سے معاویہؓ کی برتیت کا اظہار کرتا ہے۔ چنانچہ تینوں مورخوں ابوالفدا، مسعودی اور عبدالبر نے یہ روایت بیان کرنے کے بعد "کہا جاتا ہے" "بعض لوگوں نے کہا ہے" یا "ایک قلیل جماعت کا بیان ہے" کے الفاظ لکھے ہیں۔ ان سے ظاہر ہوتا ہے کہ یہ ان مورخوں کا اپنا خیال نہیں ہے بلکہ انہوں نے دوسرے لوگوں کے شبہات ظاہر کئے ہیں۔ ان میں سے ایک مورخ ابوالفدا نے لکھا ہے کہ یہ زہر معاویہؓ اور بعض لوگوں کے خیال کے مطابق یزید کے اشارے سے دیا گیا۔ گویا ابوالفدا اور خود یہ روایت مشہور کرنے والے لوگ بھی متردد ہیں کہ دونوں میں سے کس نے زہر دیا۔ اس طرح اس روایت کی حیثیت بالکل مشکوک ہو گئی۔

پھر یہ نکتہ بھی ملحوظ رکھنا چاہیے کہ جن لوگوں نے قدیم عربی تاریخوں کا مطالعہ کیا ہے وہ جانتے ہیں کہ قدیم مورخ جب کوئی روایت بیان کرتے تھے تو اس کے ساتھ وہ یہ بھی لکھ دیا کرتے تھے۔ روایت کی زید نے بکر سے۔ بکر نے عمر سے۔ عمر سے فلاں

Marfat.com

نے اور فلاں سے فلاں نے "تاکہ ان روایات کو پرکھنے والے ان کے راویوں کی اخلاقی حالت اور ان کے کردار کا اندازہ لگا کر نتیجہ نکال سکیں کہ یہ روایت قابل قبول ہے یا نہیں ؟ کیونکہ اگر ان راویوں میں سے کوئی راوی کذب بیانی یا فسق و فجور کے الزام سے متہم ہے تو اس کی روایت قبول نہیں کی جا سکتی یا اگر ان راویوں کے درمیان میں کسی جگہ روایت کا سلسلہ ٹوٹ جاتا ہے تو بھی یہ روایت پایۂ اعتبار سے گر جاتی ہے مگر سطور بالا میں ہم نے جن مورخین کا ذکر کیا ہے انہوں نے کسی راوی کا نام نہیں لکھا اور نہ راویوں کا کوئی سلسلہ بیان کیا۔ صرف اتنا کہہ دینے سے کہ "کہا جاتا ہے" یا "بعض لوگ کہتے ہیں" مسئلہ حل نہیں ہو سکتا۔ کیونکہ سوال پیدا ہوتا ہے۔ کون لوگ کہتے ہیں؟ جو لوگ کہتے ہیں؟ وہ کس معیار اخلاق یا کردار کے لوگ تھے ؟ ان مورخین کی کتابیں ان سوالات کا جواب دینے سے قاصر ہیں۔ ہاں ایک مورخ ضرور اس کا جواب دیتا ہے یعنی ابن عبدالبر۔ وہ کہتے ہیں کہ ایک قلیل جماعت کا بیان ہے کہ جعدہ بنت اشعث نے معاویہؓ کی تحریک پر حضرت امام حسنؓ کو زہر دیا تھا۔ (استیعاب جلد اوّل صہ ۱۴۱)

یہ قلیل جماعت کون سی ہے۔ ظاہر ہے کہ علامہ ابن عبدالبر کا اشارہ

ان حضرات کی طرف ہے جو اصحابِ ثلاثہ کے مخالف ہیں اور سب جانتے ہیں کہ یہ حضرات امیر معاویہؓ سے خفا ہیں اور ان کے خلاف اپنے سینوں میں تعصب رکھتے ہیں۔ بس اس روایت سے ثابت ہو گیا کہ انہیں حضرات نے امیر معاویہؓ کو بدنام کرنے کے لئے یہ افسانہ تصنیف کیا اور پھر خوب ہوا دی۔ ہمارے اس خیال کی تائید مشہور مورخ علامہ ابن خلدون کے بیان سے بھی ہوتی ہے وہ حضرت امام حسنؓ کی وفات کا واقعہ بیان کرتے ہیں مگر نہ کہیں جعدہ کے زہر دینے کا ذکر کرتے ہیں اور نہ معاویہ کو موردِ الزام قرار دیتے ہیں بلکہ وہ زہر دینے ہی کا انکار کرتے ہیں چنانچہ ان کا بیان یہ ہے کہ :۔

"حضرت امام حسنؓ اپنے اہل وعیال کے ساتھ مدینہ روانہ ہو گئے۔ روانگی کے وقت اہل کوفہ نے گریہ وزاری کے ساتھ انہیں الوداع کہا۔ وہ اپنی وفات تک مدینہ ہی میں رہے اور ۴۹ھ میں ان کا انتقال ہو گیا اور یہ جو روایت مشہور ہے کہ معاویہؓ نے ان کی بیوی سے سازش کر کے انہیں زہر

دیا ہے[1] کی گھڑی ہوئی ہے۔ (ابن خلدون جلد دوم ص۱۸۲)

پھر امام ابن تیمیہ کے بیان سے اس کی تائید مزید ہوتی ہے ان کا بیان ہے کہ۔

"بعض لوگ کہتے ہیں کہ امام حسنؓ کو معاویہؓ نے زہر دلوایا تھا مگر اس کے لئے نہ کوئی شرعی دلیل دی جاتی ہے نہ کوئی قابل اعتبار روایت پیش کی جاسکتی ہے جسے اس واقعہ کے لئے بطور شاہد پیش کیا جاسکے۔ (منہاج السنۃ جلد دوم ص۲۲۵)

اب رہ گیا جعدہ کا قصہ کہ اس نے از خود یا کسی رنجش کی بناء پر زہر دے دیا تو ہمارے خیال میں یہ روایت بھی غلط ہے کیونکہ اوّل تو متعدد مورخوں نے زہر دینے والے کا نام لکھا ہی نہیں جیسے محدث حاکمؒ، علامہ عسقلانیؒ، علامہ ابن خلدون اور مشہور شیعہ مورخ لیعقوبی پھر (اگر اس واقعہ کو تھوڑی دیر کے لئے صحیح بھی مان لیا جائے کہ انہیں زہر دیا گیا تو) جب حضرت امام حسنؓ سے

---

[1] یہاں علامہ ابن خلدون نے مسلمانوں کے ایک مخصوص فرقہ کا نام لکھا ہے جسے ہم نے حذف کر دیا ہے (مصنف)۔

دریافت کیا گیا کہ آپ کو کس نے زہر دیا ہے تو آپ نے اس کے جواب میں کسی کا نام ہی نہیں بتایا۔ ہماری سمجھ میں نہیں آتا کہ پھر جعدہ کو زہر دینے کے الزام سے کیسے متہم کیا جاتا ہے اور معلومات کے وہ کون سے ذرائع تھے جن کی بنا پر جعدہ موردِ الزام قرار دی گئی۔

اس لئے روایات کے اس سارے ذخیرہ کا یہ نظرِ غائر جائزہ لینے کے بعد ہمارا خیال ہے کہ حضرت امام حسنؓ کو زہر دیا ہی نہیں گیا بلکہ آپ کی وفات انتڑیوں کے زخموں کی وجہ سے ہوئی۔ کیونکہ مؤرخ مسعودی کے بقول جب حضرت امام حسنؓ قضائے حاجت کے لئے گئے تو اجابت میں خون آیا (جس کا کچھ حصہ منجمد بھی تھا (مؤلف) (مروج الذہب ۳۸ ص)

اس منجمد خون کو مسعودی نے جگر کے ٹکڑے ظاہر کیا ہے،

مسعودی بھی ان مورخوں میں ہے جو حضرت امام حسنؓ کو زہر دیئے جانے کی روایت تو بیان کرتا ہے مگر اس میں یزید معاویہؓ اور جعدہ میں سے کسی کا نام نہیں لکھتا ہے۔ زہر دینے کی روایت بھی مسعودی نے عام خیال کے مطابق لکھ دی ورنہ اس کی روایت کا وہی حصہ صحیح ہے جس میں وہ اجابت میں خون آنے کا واقعہ بیان کرتا ہے کیونکہ دوسری روایتیں بھی اس کی تائید کرتی ہیں۔

اخبار الطوال کا مولف بھی جو تیسری صدی ہجری کا مورخ ہے۔

زہر خورانی کی روایات کو غلط سمجھتا ہے ۔ یہی وجہ ہے کہ اس نے اس سلسلے میں خاصہ طویل بیان اپنی کتاب میں درج کیا ہے مگر ایک جگہ بھی اشارہ تک نہیں کیا کہ حضرت امام حسنؓ کی وفات زہر کے اثر سے ہوئی تھی ۔ ذیل میں ہم اس کی روایت درج کر کے اس باب کو ختم کرتے ہیں ۔ وہ لکھتا ہے کہ

امام حسنؓ مدینہ میں علیل ہو گئے ۔ جب حالت زیادہ خراب ہو گئی تو ان کے بھائی محمد بن الحنفیہؒ کو اطلاع دی گئی ۔ اس وقت وہ اپنی ملکیتی زمینوں کی دیکھ بھال کے لئے گئے ہوئے تھے ۔ محمد بن حنفیہ حضرت امام حسنؓ کے انتقال سے پہلے پہنچ گئے ۔ وہ ان کی بائیں طرف بیٹھے ہوئے تھے اور حضرت امام حسینؓ دائیں طرف اتنے میں حضرت امام حسنؓ نے آنکھیں کھولیں اور حضرت امام حسینؓ کو مخاطب کر کے فرمایا کہ اے میرے بھائی ! میں تمہیں وصیت کرتا ہوں کہ اپنے بھائی محمد بن الحنفیہ سے حسنِ سلوک سے پیش آنا کیونکہ میں انہیں اتنا ہی عزیز رکھتا ہوں جتنا

Marfat.com

دونوں آنکھوں کے درمیانی حصہ کی کھال کو

اس کے بعد آپ محمد بن الحنیفہ کی طرف مخاطب ہوئے اور ان سے کہا کہ میں تمہیں حسینؑ کی امداد کرنے کی وصیت کرتا ہوں۔ پھر فرمایا کہ مجھے میرے نانا (صلعم) کے جوار میں دفن کر دینا لیکن اگر تمہاری مزاحمت کی جائے تو پھر بقیع میں دفن کرنا۔ یہی ہوا۔ آپ کے انتقال کے بعد مروان نے حضرت امام حسنؓ کو جوارِ رسولؐ میں دفن کرنے کی مخالفت کی اور انہیں بقیع میں سپردِ خاک کر دیا گیا۔ (اخبار الطوال الدینوری ص ۲۳۴، ۲۳۵)

اس روایت میں بھی شروع سے آخر تک کسی جگہ حضرت امام حسنؓ کو زہر دیئے جانے کا ذکر نہیں ہے بلکہ صاف طور پر لکھا ہوا ہے کہ آپ بیمار ہوئے۔ اصل کتاب کے الفاظ یہ ہیں۔

"ثم ان الحسنؓ اشتکی بالمدینۃ"

عربی زبان کا کوئی عالم یا عربی لغت کا کوئی ماہر ہمیں بتائے کہ ان الفاظ میں سے کس لفظ سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ حضرت امام حسنؓ کو زہر دیا گیا۔ اس سے تو صاف ظاہر ہوتا ہے کہ جس

طرح لوگ بیمار ہو جاتے ہیں اسی طرح حضرت امام حسنؓ بھی بیمار ہو گئے اور اسی بیماری میں ان کی حالت خراب ہوئی یہاں تک کہ وہ اپنے مولائے حقیقی سے جا ملے۔ اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّا اِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ۔

## حضرت امام حسنؓ کی بیویوں کا مسئلہ

جس طرح بعض لوگوں نے امیر معاویہؓ کو بدنام کرنے کے لیے حضرت امام حسنؓ کی خلافت سے دست برداری اور آپ کی وفات سے متعلق طرح طرح کی روائتیں تصنیف کیں اسی طرح بنوامیہ کے کذابین نے حضرت امام حسنؓ کو بدنام کرنے کے لئے ان کے دامنِ شہرت پر طرح طرح کے داغ لگائے، مشہور کیا گیا کہ حضرت امام حسنؓ بے حد عیاش طبع انسان تھے، انہوں نے بڑی کثرت سے شادیاں کیں جن کی تعداد نوّے اور ننانوے تک بیان کی گئی یہاں تک کہ دیا کہ ان کی طلاق دی ہوئی عورتوں سے مدینہ میں ایک محلہ آباد ہو گیا تھا۔ سب سے زیادہ حیرت ان لوگوں پر ہے جو اپنے آپ کو محبِ اہل بیت کہتے ہیں، انہوں نے بھی یہ روایتیں قبول کر لیں اور حضرت علیؓ کی طرف ایک فرضی خطبہ منسوب کر دیا جس میں آپؓ نے لوگوں کو خبردار کیا ہے کہ

حسنؓ کو اپنی بیٹیاں نہ دیا کرو انھیں کثرت سے شادیاں کرنے اور طلاق دینے کی عادت ہے۔ لیکن جب ہم تاریخ کی طرف رجوع کرتے ہیں تو ہمیں اس الزام میں قطعاً صداقت نظر نہیں آتی۔ ظاہر بات ہے کہ اگر حضرت امام حسنؓ نے نوّے یا ننانوے شادیاں کی ہوتیں تو ان کا ذکر تاریخ میں ضرور ہوتا اور ان کی بیویوں کے نام مورخین نے درج کئے ہوتے جب کہ تمام خلفاء اور سلاطین کی شادیوں کا ذکر اور ان کی ایک ایک بیوی حتّٰی کہ بچوں تک کے نام تاریخ کے صفحات میں محفوظ ہیں۔ بیان کی طوالت سے بچنے کے لیے ہم صرف خلفائے راشدین کی بیویوں کے ناموں پر اکتفا کرتے ہیں۔ ابن سعد نے اپنی مشہور کتاب طبقات میں حضرت ابو بکرؓ کی بیویوں کے نام درج کرتے ہوئے لکھا ہے کہ انھوں نے مختلف اوقات میں چار شادیاں کیں۔

۱۔ قتیلہ۔ ان کا نام قتلہ بھی بیان کیا گیا ہے۔ ۲۔ ام رومانؓ جو ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہؓ کی والدہ ماجدہ تھیں۔ ۳۔ حضرت اسماءؓ جن کے بطن سے محمد بن ابی بکرؓ پیدا ہوئے۔ ۴۔ حبیبہ بنت خارجہ جن سے حضرت ابو بکرؓ کی پیاری بیٹی ام کلثوم پیدا ہوئیں۔

پھر اسی مشہور مورخ ابن سعد نے اپنی کتاب طبقات میں حضرت عمرؓ کی بیویوں کا بھی ذکر کیا ہے اور لکھا ہے کہ انھوں نے مختلف اوقات میں چھ شادیاں کیں جن کی تفصیل بیان کرتے ہوئے لکھتا ہے۔

۱۔ زینب۔ یہ مشہور صحابی حضرت عثمانؓ بن مظعون کی ہمشیرہ تھیں۔ ۲۔ قریبہ۔ یہ ابیتہ المخزومی کی بیٹی تھیں۔ ۳۔ ملیکہ۔ یہ جرول کی بیٹی تھیں۔

Marfat.com

تاریخ کی طرف رجوع کرتے ہیں۔ مورخین کا بیان ہے کہ حضرت امام حسنؓ نے مختلف اوقات میں مندرجہ عورتوں سے شادیاں کیں۔

۱۔ خولہ بنت منظور رزاریہ جو حضرت امام حسنؓ کی زندگی کے آخری لمحے تک ان کی رفیقہ حیات رہیں۔ ۲۔ جعدہ بنت اشعث۔ یہ بھی حضرت امام حسنؓ کی زندگی کے آخری دن تک آپ کی وفادار بیوی رہیں۔ بعض کمزور روایتوں میں انھیں پر حضرت امام حسنؓ کو زہر دینے کا الزام لگایا گیا ہے۔ ۳۔ عائشہ خثعمیہ۔ ۴۔ ام کلثوم بنت فضل بن عباسؓ۔ یہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے چچا حضرت عباسؓ کی پوتی تھیں۔ ۵۔ ام اسحاق۔ یہ طلحہ بن عبداللہ تیمی کی بیٹی تھیں۔ ۶۔ ام بشیر یہ ابی مسعود انصاری کی بیٹی تھیں۔ ۷۔ ہند یہ حضرت ابوبکرؓ کی پوتی اور حضرت عبدالرحمٰن بن ابوبکرؓ کی بیٹی تھیں۔ ۸۔ ام عبداللہ۔ ۹۔ رملہ جن کے بطن سے آپ کے صاحبزادے حضرت قاسمؓ پیدا ہوئے یہ وہی قاسمؓ ہیں جنھوں نے حضرت امام حسینؓ کے ساتھ کربلا کے میدان میں جام شہادت نوش کیا تھا۔ ۱۰۔ قبیلہ بنی شیبان کی ایک خاتون جن کا نام معلوم نہیں ہو سکا۔ (ابن عساکر جلد چہارم ص ۲۱۴۔ ابن جوزی ص ۲۷ شرح ابن ابی الحدید جلد چہارم ص ۸)

گویا تاریخ ہمیں ان دس خواتین کے نام بتاتی ہے جن سے حضرت امام حسنؓ نے وقتاً فوقتاً شادیاں کیں۔ ان کے علاوہ بعض مورخین نے تین اور شادیوں کا بھی ذکر کیا ہے مگر نہ ان عورتوں کے نام درج کیے ہیں نہ یہ کہ وہ کس کی بیٹیاں تھیں کس خاندان اور کس قبیلے سے ان کا تعلق تھا۔ ظاہر ہے کہ ایسی مجہول

Marfat.com

روائتیں کس طرح قابل قبول ہو سکتی ہیں۔ اب پانچوں خلفائے راشدین کی ازدواج پر ایک نظر ڈالیئے اور دیکھئے کہ حضرت امام حسنؓ نے کون سا گناہ کیا کہ انھیں موردِ الزام قرار دیا جائے۔

۱۔ حضرت ابوبکرؓ نے چار شادیاں کیں۔ ۲۔ حضرت عمرؓ نے چھ شادیاں کیں۔ ۳۔ حضرت عثمانؓ نے آٹھ شادیاں کیں۔ ۴۔ حضرت علیؓ نے نو شادیاں کیں۔ ۵۔ حضرت حسنؓ نے دس شادیاں کیں۔

اگر چار، چھ، آٹھ اور نو شادیاں کرنے والے بزرگوں پر کوئی اعتراض وارد نہیں ہوتا تو دس یا بارہ شادیاں کرنے والے پر الزام کیسے لگ سکتا ہے کیا اس سے ثابت نہیں ہو جاتا کہ حضرت امام حسنؓ کو ملعون کرنے کے لیے یہ جھوٹے قصے تصنیف کئے گئے اور کثرت ازدواج سے متعلق طرح طرح کے افسانے تراشے گئے اگر انھوں نے متذکرہ عورتوں کے علاوہ کچھ اور نکاح کئے ہوتے تو تاریخ میں کہیں تو ان عورتوں کے ناموں کی صراحت ہوتی جو آپ کے حبالۂ عقد میں آئیں جب کہ ہر خلیفہ کی بیویوں کے ناموں کی صراحت تاریخ کی کتابوں میں موجود ہے اور یہاں تک لکھا ہوا ہے کہ وہ کس کی بیٹیاں تھیں کس قبیلے یا خاندان سے ان کا تعلق تھا اور ان سے کتنی کتنی اولادیں پیدا ہوئیں پھر اگر امام حسنؓ نے نوے یا ننانوے شادیاں کی ہوتیں تو اسی کثرت سے ان کی اولاد بھی ہوتی اور یہ تعداد سینکڑوں تک تو ضرور پہنچی چاہیئے تھی مگر تاریخ میں ان کی اولاد کی جو تفصیل ملتی ہے وہ یہ ہے کہ:-

۱۔ حسن۔ ۲۔ زید۔ ۳۔ عمر۔ ۴۔ قاسم۔ ۵۔ ابوبکر۔ ۶۔ عبدالرحمٰن

Marfat.com

۷۔ طلحہ۔ ۸۔ عبیداللہ (یعقوبی جلد دوم ص۲۷)

گویا یعقوبی کے بیان کے مطابق حضرت امام حسنؓ کی آٹھ اولادیں تھیں لیکن یعقوبی سے بھی زیادہ محتاط مورخ ابن قتیبہ نے آپ کی اولاد کی تعداد صرف چھ لکھی ہے جن میں چار لڑکے اور دو لڑکیاں شامل ہیں۔ (معارف ابن قتیبہ ص۹۲)

کیا اولاد کی اس قلیل تعداد کے پیش نظر یہ قیاس بھی کیا جا سکتا ہے کہ آپ نے نوے یا ننانوے شادیاں کی تھیں۔

اس عقلی بحث کے بعد اب ہم ان روایات کی طرف متوجہ ہوتے ہیں جو حضرت امام حسنؓ کی کثرت ازدواج کے ثبوت میں پیش کی جاتی ہیں۔ اس سلسلے کی پہلی روایت وہ ہے جو "نہج البلاغۃ" کے فاضل شارح ابن ابی الحدید نے اپنی کتاب میں درج کی ہے اور جس میں کہا گیا ہے کہ حضرت امام حسنؓ کی ستر بیویاں تھیں مگر جب ہم اس روایت کو نقد و جرح کی کسوٹی پر پرکھتے ہیں تو یہ نہایت ضعیف اور ناقابل قبول ثابت ہوتی ہے۔ اس روایت کا راوی علی بن عبداللہ بصری ہے جو مدائنی کے نام سے مشہور تھا۔ اس کے متعلق اسماء الرجال کی کتابوں میں لکھا ہے کہ یہ حدیث اور روایت کے معاملے میں ناقابل اعتبار ہے۔ چنانچہ میزان الاعتدال کا مولف لکھتا ہے کہ "یہ شخص حدیث کے معاملے میں قوی نہیں ہے۔" (میزان الاعتدال جلد دوم ص۲۳۶)

ظاہر ہے کہ ایسے شخص کی بیان کردہ روایت کسی صورت میں تسلیم نہیں کی جا سکتی۔

اس سلسلے کی دوسری روایت "قوت القلوب" کے مصنف کی ہے جس نے لکھا ہے کہ حسنؓ ایک ہی وقت میں چار عورتوں کو اپنے حبالۂ عقد میں لے آتے

Marfat.com

تھے اور پہلی چار عورتوں کو طلاق دے دیا کرتے تھے"۔ (قوت القلوب جلد دوم ص۲۴۶)

یہ روایت ابن طالب مکی نے بیان کی ہے اور اگر یہ کہا جائے تو مبالغہ نہ ہوگا کہ حضرت امام حسنؓ کی کثرتِ ازدواج کے متعلق جتنی روایتیں ملتی ہیں ان سب کا آغاز اسی ابن طالب مکی سے ہوا ہے۔ یہ ابن طالب مکی بڑا عالم آدمی تھا اس لیے حضرت امام حسنؓ کے مخالفین لوگوں کو مرعوب کے لیئے اس کے نام سے منسوب ہونے والی روایت بڑے شدومد سے پیش کرتے ہیں لیکن وہ اس حقیقت کو چھپا لیتے ہیں کہ آخری زمانے میں اس ابن طالب مکی کے حافظے اور دماغ کی کیا حالت تھی؟ واقعہ یہ ہے کہ ابن طالب مکی آخر عمر میں خصوصاً اس عہد میں جب اس نے "قوت القلوب" تالیف کی ہے ہسٹریا کے موذی مرض میں مبتلا ہو گیا تھا۔ اس پر دماغی دورے پڑتے تھے اور اسے نسیان بھی لاحق ہو گیا تھا چنانچہ تذکرہ نویسوں اور اسماء الرجال کے مولفین نے لکھا ہے کہ ابن طالب مکی جب بغداد آیا تو لوگوں نے اسے بڑے احترام اور عقیدت سے ہاتھوں ہاتھ لیا مگر اس سے گفتگو کرنے کے بعد انھیں جلد ہی معلوم ہو گیا کہ یہ واہی تباہی بکتا ہے۔ اس کے بعد لوگوں نے اس سے راہ و رسم منقطع کر لی۔ اس کے فاترالعقل ہونے کا یہ بین کافی ثبوت ہے کہ اس نے انتقال سے پہلے اپنے ایک دوست کو وصیت کی کہ اگر میں مرتے وقت تمہارا ہاتھ پکڑ لوں تو سمجھ لینا کہ میری بخشش ہو گئی ہے اس صورت میں تم میرے جنازے پر مٹھائی تقسیم کرنا اور اگر ہاتھ نہ پکڑوں تو سمجھ لینا کہ میری نجات نہیں ہوئی۔ (لسان المیزان جلد ۷ ص۳۰۰، البدایہ والنہایہ جلد ۱۱ ص۱۹)

معمولی عقل کا شخص بھی جانتا ہے کہ جزا و سزا کا معاملہ اس وقت شروع ہوتا ہے

جب انسان کی روح اس جسم خاکی سے نکل جاتی ہے اور جب روح جسم سے نکل جاتی ہے تو کبھی جسم میں واپس نہیں آتی۔ نہ روح نکلنے کے بعد کی کیفیات کوئی انسان اشارۂ و کنایہ سے ظاہر کر سکتا ہے کیونکہ دنیا سے اس کا تعلق منقطع ہو جاتا ہے۔ ظاہر ہے کہ کوئی صحیح الدماغ شخص ایسی بات نہیں کہہ سکتا۔ پس اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ اس روایت کا راوی ابن طالب عقل و خرد سے بالکل عاری بلکہ دیوانگی کی حد تک پہنچا ہوا تھا اور ایسے شخص کی روایات کسی طرح قابل اعتنا نہیں ہو سکتیں۔

حضرت امام حسنؓ کو کثیر الازدواج ثابت کرنے کے لیے یہ بھی کہا جاتا ہے کہ آپ کی وفات کی خبر سن کر مدینہ کی عورتوں کا جم غفیر آپ کے جنازے کے ساتھ ہو گیا۔ یہ عورتیں ننگے سر اور ننگے پیر حضرت امام حسنؓ کے جنازے کے پیچھے پیچھے چل رہی تھیں اور رو رو کر کہتی جاتی تھیں کہ ہم سب امام حسنؓ کی بیویاں ہیں لیکن جب ہم اس روایت کو درایت کی کسوٹی پر پرکھتے ہیں تو یہ بھی بالکل وضعی اور مہمل ثابت ہوتی ہے۔ پہلا سوال تو یہ ہے کہ جب کسی عورت کو اس کا شوہر خواہ کتنی ہی معقول وجہ کے باعث طلاق دے دے تو ایسے شوہر کے خلاف قدرتاً اس کی مطلقہ بیوی کے دل میں نفرت اور غم و غصے کے جذبات پیدا ہو جاتے ہیں اور ناممکن ہے کہ ایسے شوہر کی وفات پر اس کی مطلقہ بیوی کو اتنا غم ہو کہ وہ بیقرار و بے اختیار ہو کر گھر سے باہر نکل آئے۔ پھر ان عورتوں کو تو اپنے سابق شوہر کی وفات کا رتی بھر غم نہیں ہو سکتا جنھیں کسی معقول وجہ کے بغیر طلاق دی گئی ہو بلکہ وہ تو خوش ہونگی کہ ان کی زندگی خراب کرنے والا آج دنیا سے رخصت ہو گیا۔

Marfat.com

دوسری بات یہ کہ جس زمانے کا یہ ذکر ہے وہ آج کے زمانے کے مقابلے میں ہزار درجہ زیادہ شرم وحیا کا زمانہ تھا اور ابھی ایسے لوگ موجود تھے جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے تربیت یافتہ تھے۔ وہ تو خیر صحابہ تھے اس زمانے کے عام مسلمانوں کی اخلاقی وایمانی حالت بھی نہایت اچھی تھی۔ پھر یہ کیسے ممکن تھا کہ مسلمان عورتوں کا ایک انبوہ کثیر ننگے سر اور ننگے پیر سڑکوں اور بازاروں میں سے گزرتا اور کوئی انھیں اس شرمناک حرکت سے منع نہ کرتا کہ تم بے پردہ ہو کر اس ہیئت کے ساتھ کیوں جا رہی ہو۔ کیا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے یوم وصال سے زیادہ تاریک دن کوئی اور ہو سکتا ہے؟ اور مسلمان مردوں اور عورتوں کو حضورؐ کی ابدی جدائی کا جو غم ہوا تھا اس سے زیادہ کسی اور کی جدائی کا غم ہو سکتا تھا؟ لیکن کیا آپؐ کے جنازے پر اس قسم کا کوئی منظر دیکھنے میں آیا؟ تاریخ اس سوال کا جواب نفی میں دیتی ہے۔ پس اس روایت کے تمام پہلوؤں پر نظر ڈالنے سے ثابت ہوتا ہے کہ یہ اور اس قسم کی تمام روائتیں بالکل جھوٹی اور جعلی ہیں اور حضرت امام حسنؓ کے دشمنوں نے انھیں بدنام کرنے کے لئے گھڑ لی ہیں اور روایت سازی کا یہ سارا "کاروبار" بنو امیہ کے عہد میں اور سلاطین بنو امیہ کے ایما سے شروع کیا گیا۔

جس طرح حضرت امام حسنؓ کی کثرت ازدواج کے متعلق مبالغہ آمیزی سے کام لیا گیا ہے۔ اسی طرح آپ کے متعلق یہ الزام تراشنے میں بھی بے حد مبالغہ آرائی کی گئی ہے کہ آپ کثرت سے طلاقیں دیا کرتے تھے۔ ہمیں آپ کی ساری زندگی میں دو واقعے ایسے ملتے ہیں جن سے ظاہر ہوتا ہے کہ

آپ نے اپنی بیویوں کو طلاق دی ان میں سے ایک موقع وہ تھا جب حضرت علیؓ پر قاتلانہ حملہ کیا گیا اور اس حملے کی خبر سن کر آپ کی ایک بیوی عائشہ خثعمیہ مسرت و شادمانی کے عالم میں دوڑتی ہوئی آئی اور آپؓ کو خلافت کی مبارکباد دی۔ حضرت امام حسنؓ جو اس وقت فرطِ غم والم سے ماہیٔ بے آب کی طرح تڑپ رہے تھے اپنی اس ناعاقبت اندیش بیوی کے یہ فقرے سن کر ضبط نہ کر سکے اور اسی وقت طلاق دے دی۔

(ابن عساکر جلد چہارم صہ ۲۱۶)

دوسرا موقع وہ تھا جب آپ کو معلوم ہوا کہ آپ کی ایک بیوی خارجی عقیدہ رکھتی ہے اور حضرت علیؓ کو کافر سمجھتی ہے ظاہر ہے کہ ایسی عورت کو آپ اپنے حبالۂ عقد میں کیسے رکھ سکتے تھے۔ چنانچہ آپؓ نے اسے یہ کہہ کر طلاق دیدی کہ میں دوزخ کے انگارے کو اپنے سینے سے منسلک رکھنا پسند نہیں کرتا۔ (شرح ابن ابی الحدید)

ان دو طلاقوں کے سوائے آپؓ نے اپنی کسی بیوی کو طلاق نہیں دی نہ کسی مستند تاریخ سے اس کی کوئی شہادت پیش کی جا سکتی ہے۔ یہ سب بنوامیہ کے اشارے سے جھوٹے راویوں نے افسانہ طرازیاں کی ہیں جن کا تاریخ سے کوئی تعلق نہیں۔

Marfat.com

